ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پاکستان شاہینز نے ون ڈے میں بنگلہ دیش اے کو 8 وکٹوں سے ہرادیا

- پاکستانی بولرز کی عمدہ بولنگ، بنگلہ دیش اے صرف 78 رنز پر آؤٹ

ڈارون،6 اگست 2024ء:

پاکستان شاہینز نے اپنے بولرز کی عمدہ کارکردگی کی بدولت ڈارون ٹور کے دوسرے ون ڈے میچ میں بنگلہ دیش اے کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی۔

اس سے قبل اس نے اتوار کے روز اپنے پہلے ون ڈے میں این ٹی اسٹرائیک کو چار وکٹوں سے ہرایا تھا۔

منگل کو کھیلے گئے میچ میں محمد حارث نے ٹاس جیت کر بنگلہ دیش اے کو بیٹنگ دی۔ پاکستان شاہینز کے بولرز نے بنگلہ دیش اے کو 24.3 اوورز میں صرف 78 رنز پر آؤٹ کردیا۔

پاکستان شاہینز نے 79 رنز کا ہدف 17 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔

پاکستانی بولرز کی عمدہ بولنگ نے بنگلہ دیش اے کو کسی بھی موقع پر سنبھلنے کا موقع نہیں دیا اور اس کی وکٹیں وقفے وقفے سے گرتی رہیں۔ پرویز حسین 19 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔

عمران جونیئر تین وکٹوں کے ساتھ سب سے کامیاب بولر رہے۔

این ٹی اسٹرائیک کے خلاف عمدہ بولنگ کرنے والے جہانداد خان اور مبصر خان نے ایک پھر اچھی بولنگ کرتے ہوئے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ خرم شہزاد بھی دو کھلاڑی آؤٹ کرنے میں کامیاب رہے۔ انہیں ون ڈے میچوں کے لیے ڈارون میں روک لیا گیا تھا۔

کپتان محمد حارث نے وکٹ کیپنگ میں تین کیچز کیے۔

پاکستان شاہینز کی اننگز میں صاحبزادہ فرحان بغیر کوئی رن بنائے رپون مونڈل کی گیند پر آؤٹ ہو گئے جس کے بعد عبدالفصیح اور عثمان خان نے دوسری وکٹ کے لیے 48 رنز کا اضافہ کیا۔ عبدالفصیح 12 رنز بنا کر مونڈل کی گیند پر آؤٹ ہوئے۔
عثمان خان نے پانچ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 39 رنز اسکور کیے اور آؤٹ نہیں ہوئے۔ طیب طاہر 17 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

پاکستان شاہینز اب ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں حصہ لے گی جس میں اس کا پہلا میچ 10 اگست کو پرتھ اسکارچرز سے ہو گا۔

مختصر اسکور:

بنگلہ دیش اے 78 رنز (24.3 اوورز)۔ پرویز حسین 19۔ عمران جونیئر 22/3 وکٹ۔ مبصر خان 9/2 وکٹ۔ جہانداد خان 19/2 وکٹ۔ خرم شہزاد 24/2 وکٹ۔

پاکستان شاہینز 79 رنز 2 کھلاڑی آؤٹ (17 اوورز)۔ عثمان خان 39 ناٹ آؤٹ۔ رپون مونڈل 30/2 وکٹ۔

نتیجہ۔ پاکستان شاہینز نے 8 وکٹوں سے جیتا۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial